www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



کی زندگی کے اہم واقعات کو سمیٹ لیا ہے اور اس سلسلے میں تحقیق و تنقید کے معروف اصولوں کو پیش نظر رکھا ہے۔ ہر روایت اور بیان پر محدثانہ نقد و جرح سے کام لے کر اخذ و تردید کی ہے۔

اجتماعی تبصرہ کے بعد فاضل مؤلف نے نبی اکرم کی مختلف حیثیتوں۔ ذی وقار شہری، تاجر، خطیب، مبلغ و داعی، سپہ سالار، داعی انقلاب، مقنن و منصف اور سربراہ خاندان وغیرہ ــــ سے ان کے پیغام عمل کو واضح کیا ہے اور کتاب کا یہ حصہ فکر انگیز اور از حد جاذب قلب و ذہن ہے ان ابواب سے یہ بات نکھر کر سامنے آجاتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی تمام مادی پہلوؤں میں مکمل نمونہ ہے اور آج بھی ان کے طرز عمل کو اپنا کر فلاح و کامرانی حاصل کی جا سکتی ہے۔

فاضل مؤلف پروفیسر خالد علوی صاحب علمی حلقوں میں جانے پہچانے ہیں۔ اس سے قبل ان کے قلم سے دینی مسائل پر بیسیوں مضامین اور مفید کتابیں اہلِ علم کے سامنے آچکی ہیں۔ اندازِ تحریر سادہ اور عام فہم ہے۔ بلا مبالغہ ایک عالم اور عام آدمی یکساں طور پر لطف اٹھائیں گے۔ کہیں کہیں کتابت کی غلطیاں ملتی ہیں۔ امید ہے آئندہ ایڈیشن میں درست کر دی جائیں گی۔

ــــــــــ (۲) ــــــــــ

اشرف المناسک ملقب بہ مناسکِ حج مؤلف: مولانا محمد اشرف علی قریشی

ناشر:۔ شعبۂ تالیف و تصنیف دارالعلوم جامعہ اشرفیہ پشاور

صفحات: ۲۷۰ قیمت: چار روپے صرف

حج امتِ مسلمہ کی ایک اہم عبادت ہے جس میں صبر و استقامت، جہاد و عزیمت، باہمی محبت و مودت، ضبطِ نفس اور تزکیۂ اخلاق کی جملہ خوبیاں موجود ہیں۔ ضروری ہے کہ حج کے احکام و مسائل عام ہوں تاکہ فریضۂ حج ادا کرنے والے خوش نصیب ہر آن اور ہر لمحہ اپنے حبیب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کر رہے ہوں۔ مولانا محمد اشرف علی قریشی نے راہِ محبت کے راہرؤوں کے لیے زیر نظر کتاب مرتب کی ہے۔ انھوں نے خانہ کعبہ کی مختصر تاریخ، اہم مقامات، حج کے احکام و مسائل اور ادعیہ ماثورہ نہایت سلیقے سے یکجا کی ہیں۔ امید ہے حجاج اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔

ــــــــــ (۳) ــــــــــ

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

انجمن تحفظ حقوق اہل سنت والجماعت کراچی کی طرف سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے یوم وفات



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ